# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

## شیڈول انٹرمیڈیٹ امتحانات

**مورخہ 22-09-2026**

عنوان: **انٹرمیڈیٹ اور علوم السنہ شرقیہ سیکنڈ سالانہ(Second Annual) امتحانات 2026ء کے آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی کی وصولی کا شیڈول۔**

**نمبر 406 / میٹنگ** مطلع کیا جاتا ہے کہ بہاول پور بورڈ کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ اور علوم السنہ شرقیہ سیکنڈ سالانہ (Second Annual) امتحانات 2026ء کا انعقاد **مورخہ 03۔نومبر 2026ء بروز منگل** سے ہوگا۔اس امتحان میں شامل ہونے والے جملہ ریگولر اور پرائیوٹ امیدواران کے داخلہ فارم آن لائن کرنے اور داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی ودا خلہ فیس کے بینک چالان کی بورڈ ہذا میں وصولی کا شیڈول درج ذیل ہے:۔

| نمبر شمار | شیڈول | ریگولر / پرائیویٹ امیدواران کیلئے |
|---|---|---|
| 1 | بغیر لیٹ فیس کے | 24-09-2026 تا 06-10-2026 |
| 2 | دوگنا فیس کے ساتھ | 07-10-2026 تا 13-10-2026 |
| 3 | تین گنا فیس کے ساتھ | 14-10-2026 تا 17-10-2026 |

**الف۔ داخلہ فیس، پروسیسنگ فیس اور سرٹیفکیٹ فیس کی شرح**

| تفصیل | سنگل پارٹ (ریگولر) | سنگل پارٹ (پرائیویٹ) | پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ / کمپوزٹ (ریگولر) | پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ / کمپوزٹ (پرائیویٹ) |
|---|---|---|---|---|
| سائنس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان ہو | 850 | 900 | 1700 | 1800 |
| آرٹس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان نہ ہو | 800 | 850 | 1600 | 1700 |
| پروسیسنگ فیس | 730 | 730 | 730 | 730 |
| ڈویلپمنٹ فنڈ | 300 | 300 | 300 | 300 |
| سرٹیفکیٹ فیس (صرف ایک مرتبہ) | 930 | 930 | ---- | 930 |

**ب۔ علوم السنہ شرقیہ**

| داخلہ فیس | رجسٹریشن | ڈویلپمنٹ فنڈ | پروسیسنگ فیس | سرٹیفکیٹ فیس |
|---|---|---|---|---|
| -/1000روپے | -/1170روپے | -/300روپے | -/730روپے | -/930روپے |

**﴿1﴾ ضروری تاکید / ہدایات برائے سربراہان تعلیمی ادارہ جات / پرائیویٹ امیدواران۔**

(i) ایسے امیدواران جو بورڈ ہذا سے انرولمنٹ / رجسٹریشن نہیں کروا سکے تھے وہ داخلہ فیس کے علاوہ رجسٹریشن فیس -/1170روپے، سپورٹس فیس -/200روپے، سکالرشپ فیس -/120روپے (کل مبلغ -/1490روپے) جمع کروائیں گے۔

(ii) تمام امیدواران سے QR کوڈ کی مد میں مبلغ -/95 روپے فیس وصول کی جائے گی۔

(iii) ایسے امیدواران جو قبل ازیں امتحانات میں شمولیت اختیار کرتے ہوئے سند فیس جمع کروا چکے ہیں اب وہ سند فیس سے مستثنیٰ ہوں گے۔

(iv) تین گناہ فیس کا شیڈول ختم ہونے کے بعد مبلغ -/500 یا -/100روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے والے امیدواران کا امتحانی مرکز بورڈ قوانین کے مطابق تحصیل ہیڈکوارٹر ہوگا۔

(v) کمپارٹمنٹ کی صورت میں امتحان دینے پر متعلقہ گروپ ﴿سائنس / آرٹس﴾ کی پوری داخلہ فیس وصول کی جائیگی۔

(جاری ہے)

22/9/26

**﴿2﴾ پرائیویٹ امیدواران متوجہ ہوں کہ:۔**

(i) بہاول پور بورڈ کے زیرِاہتمام پرائیویٹ امیدواران کو یہ سہولت دی گئی ہے کہ وہ بورڈ کی ویب سائٹ www.bisebwp.edu.pk پر اپنے داخلہ فارم آن لائن سسٹم کے تحت فیڈ کرنے کے بعد داخلہ فارم اور فیس چالان کی ہارڈ کاپی کا پرنٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

(ii) آن لائن پرنٹ شدہ داخلہ فارم اپنی رہائش کے قریب ترین کسی بھی گورنمنٹ/الحاق شدہ کالج/ہائیر سیکنڈری سکول کے پرنسپل سے تصدیق کروا کر اور مجوزہ فیس بذریعہ UBL بینک، 1 Bill، Easy Paisa یا Jazz Cash جمع کروا کر اصل داخلہ فارم و اصل فیس چالان بمع CPR(Computerized payment receipt) مقررہ شیڈول کے اندر **اسسٹنٹ کنٹرولر انٹرمیڈیٹ (امتحانات)، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، بہاول پور** کو ارسال کریں گے۔

(iii) شیڈول/امتحانات سے متعلق تمام تر معلومات بورڈ کی ویب سائٹ "www.bisebwp.edu.pk" سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

سیکریٹری

**کاپی برائے اطلاع/ضروری کاروائی ۔**

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز/کامرس کالجز)، واقع حدود تعلیمی بورڈ بہاول پور۔

(2) ڈائریکٹر تعلیم (کالجز)، بہاول پور ڈویژن، بہاول پور۔

(3) ممبران بورڈ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (سیکنڈری) اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (کالجز) ضلع بہاول پور، بہاولنگر، رحیم یار خان ۔

(4) جملہ افسران/برانچ انچارجز/PRO بورڈ ہذا۔

(5) منیجر، UBL بورڈ برانچ (مہربانی فرما کر بورڈ کی حدود میں واقع UBL کی تمام برانچز کو نوٹیفکیشن ہذا سے فوری طور پر آگاہ فرمائیں تاکہ شیڈول اور مجوزہ شرح کے مطابق داخلہ فیس و دیگر فیس وصول کی جا سکے)۔

(6) سسٹم اینالسٹ (برائے بورڈ ویب سائٹ)/نوٹیفکیشن فائل۔

22/12/26

پی اے/انچارج میٹنگ